غالب اکیڈمی میں ماہانہ ادبی نشست کا انعقاد

غالب اکیڈمی نئی دہلی میں ایک ادبی نشست کا اہتمام کیا گیا۔اس نشست میں حکیم عبدالحمید کے یوم پیدائش کی مناسبت سے ڈاکٹر شاداب تبسم نے ’’وقار علم حکمت: حکیم عبدالحمید کی شخصیت کے چند پہلو‘‘ کے عنوان سے ایک مضمون پڑھا۔محمد خلیل نے حکیم عبد الحمید پر ایک مضمون پیش کیا۔ٹی این بھارتی نے’’ ولادت عبدالحمید: ایک تنقیدی جائزہ‘‘ کے عنوان سے ایک مضمون پڑھا۔چشمہ فاروقی نے’’ تیسری مخلوق‘‘ کے عنوان سے افسانہ پیش کیا۔نشست کی صدارت ڈاکٹر جی آر کنول نے کی۔انھوں نے اپنی صدارتی تقریر میں کہا کہ شاعری عشق ہے اس میں وقت کا خیال نہیں رکھا جاتا ہے جب کہ سائنس میں ایک ایک لمحے کا حساب ہوتا ہے۔وقت کی پابندی انسانی قدر ہے۔نشست میں پڑھے گئے منتخب اشعار پیش خدمت ہیں۔

زمین جس نے بنائی آسماں سمیت	اسی نے بھیجے ہیں پنچھی یہاں اڑان سمیت	ڈاکٹر جی آر کنول
ابھی گو میں نے پہچانی نہیں ہے	مگر آواز انجانی نہیں ہے	متین امروہوی
وقت کے ماتھے پہ تم لکھتے رہے رنج و الم	کوئی نغمہ تو خوش آئند سناتے جاتے	شفا کجگانوی
اک دن زمانہ آئینہ ہوجائے گا صنم	پھر کیا کروگے حسن کی جھوٹی نقاب کا	نسیم بیگم نسیم
روشنی سے اگر ملا کیجیے	اپنے سائے کا مت گلا کیجیے	سرفراز احمد فراز
محبت کا سفر مت پوچھ نرملؔ	بڑا مشکل بڑا مشکل رہا ہے	رچنا نرمل
شاخ سے ٹوٹے ہوئے پتے نہیں ہیں ہم	ہوا لے جائے ادھر ادھر کہیں بھی	سیما کوشک
عمر روک کر مجھے میرا حال پوچھتی	خوف موت کا نہیں ہے کیوں سوال پوچھتی	دویا جین
اسے تم چاند سے بہلا رہے ہو	رعایا آب و دانہ چاہتی ہے	سمیر کیلاش
مانا کہ زندگی یہ کوئی زندگی نہیں	سانسوں کا دھڑکنوں کا رواں سلسلہ تو ہے	حشمت بھاردواج
مجھے پتا ہی نہ تھا خواب خواب کر دے گا	وہ میری نیند کو اتنا خراب کردے گا	دیپک شرما دیپک
سفینے ہیں کہ تلاطم بگوش رہتے ہیں	کنارے کچھ نہیں کہتے خاموش رہتے ہیں	شاکر دہلوی
سنے جو پتھر تو اس کی آنکھوں میں اشک لادے یہ شاعری ہیں	جو آنسوؤں کی نمی کو چھوکر ساگر بنادے وہ شاعری ہے	انیمیش شرما
کوئی مجھ کو عبور کرے گا	چند لمحوں کا فاصلہ ہوں میں	شاہ رخ عبیر
زندگی تجھ پہ میں نثار نہیں	تو ضرورت ہے میرا پیار نہیں	گل بہار

اس موقع پر فہیم جوگاپوری، احترام صدیقی، پروین ویاس، عارف دہلوی، عمران راہی، عزیزہ مرزا، نعیم ہندوستانی نے بھی اپنے اشعار پیش کیے۔آخر میں سکریٹری نے بتایا کہ غالب اکیڈمی کی اگلی ماہانہ نشست 14/ اکتوبر 2023 کو منعقد ہوگی۔